روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 12 فروری 2009ء 16 صفر 1430 ہجری 12 تبلیغ 1388 ھش جلد 59-94 نمبر 34

اللہ ضرور رستہ نکالے گا

رسول اللہ ﷺ تبلیغ کرنے کیلئے طائف گئے مگر واپسی پر مکہ میں داخل ہونا اس زمانہ کے دستور کے مطابق ناممکن تھا۔ حضرت زیدؓ جو اس سفر میں آپ کے ساتھ تھے بیان کرتے ہیں کہ میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ مکہ میں کیسے داخل ہوں گے۔ تو آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ضرور کوئی رستہ نکال دے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے دین کا مددگار ہے اور اپنے نبی کو غالب کر کے رہے گا۔ چنانچہ آپ نے سرداران قریش کو پیغام بھجوائے تو مطعم بن عدی نے آپ کو پناہ دے کر مکہ میں داخل کرنے کا اعلان کیا۔

(طبقات ابن سعد جلد نمبر1 صفحہ 212 ذکر سبب خروج رسول اللّٰہ الی الطائف)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ خوب یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ پر توکل بھی کوئی چیز ہے۔ یہ مت سمجھو کہ تم نری پرہیزوں سے بچ سکتے ہو۔ جب تک خدا تعالیٰ کے ساتھ سچا تعلق نہ ہو اور انسان اپنے آپ کو کارآمد انسان نہ بنالے اس وقت تک اللہ تعالیٰ اس کی کچھ پروا نہیں کرتا۔ خواہ وہ ہزار بھاگتا پھرے۔ کیا وہ لوگ جو طاعون میں مبتلا ہوتے ہیں وہ پرہیز نہیں کرتے؟ میں نے سنا ہے کہ لاہور میں نواب صاحب کے قریب ہی ایک انگریز رہتا تھا وہ مبتلا ہو گیا۔ حالانکہ یہ لوگ تو بڑے پرہیز کرنے والے ہوتے ہیں۔ نرا پرہیز کچھ چیز نہیں جب تک خدا تعالیٰ کے ساتھ سچا تعلق نہ ہو۔ پس آئندہ کے لئے یاد رکھو کہ حقوق اخوت کو ہرگز نہ چھوڑو؛ ورنہ حقوق اللہ بھی نہ رہیں گے۔ خدا تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ یہ طاعون کا سلسلہ جو مرکز پنجاب ہو گیا ہے۔ کب تک جاری رہے لیکن مجھے یہی بتایا گیا ہے.......... اللہ تعالیٰ کسی حالت میں قوم میں تبدیلی نہ کرے گا جب تک لوگ دلوں کی تبدیلی نہ کریں گے۔ ان باتوں کو سن کر یوں تو ہر شخص جواب دینے کو تیار ہو جاتا ہے کہ ہم نماز پڑھتے ہیں۔ استغفار بھی کرتے ہیں۔ پھر کیوں مصائب اور ابتلاء آ جاتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی باتوں کو جو سمجھ لے وہی سعید ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا منشاء کچھ اور ہوتا ہے۔ سمجھا کچھ اور جاتا ہے اور پھر اپنی عقل اور عمل کے پیمانہ سے اسے ماپا جاتا ہے۔ یہ ٹھیک نہیں۔ ہر چیز جب اپنے مقررہ وزن سے کم استعمال کی جاوے تو وہ فائدہ نہیں ہوتا جو اس میں رکھا گیا ہے۔ مثلاً ایک دوائی جو تولہ کھانی چاہئے اگر تولہ کی بجائے ایک بوند استعمال کی جاوے تو اس سے کیا فائدہ ہوگا اور اگر روٹی کی بجائے کوئی ایک دانہ کھالے تو کیا وہ سیری کا باعث ہو سکے گا؟ اور پانی کے پیالے کی بجائے ایک قطرہ سیراب کر سکے گا؟ ہرگز نہیں۔ یہی حال اعمال کا ہے۔ جب تک وہ اپنے پیمانہ پر نہ ہوں وہ اوپر نہیں جاتے ہیں۔ یہ سنت اللہ ہے جس کو ہم بدل نہیں سکتے۔ پس یہ بالکل خطا ہے کہ اسی ایک امر کو پلے باندھ لو کہ طاعون والے سے پرہیز کریں تو طاعون نہ ہوگا۔ پرہیز کرو جہاں تک مناسب ہے لیکن اس پرہیز سے باہمی اخوت اور ہمدردی نہ اٹھ جاوے اور اس کے ساتھ ہی خدا تعالیٰ کے ساتھ سچا تعلق پیدا کرو۔ یاد رکھو کہ مردہ کی تجہیز و تکفین میں مدد دینا اور اپنے بھائی کی ہمدردی کرنا صدقات خیرات کی طرح ہی ہے۔ یہ بھی ایک قسم کی خیرات ہے اور یہ حق حق العباد کا ہے جو فرض ہے۔ جیسے خدا تعالیٰ نے صوم وصلوٰۃ اپنے لئے فرض کیا ہے اسی طرح اس کو بھی فرض ٹھہرایا ہے کہ حقوق العباد کی حفاظت ہو۔ پس ہمارا کبھی یہ مطلب نہیں ہے کہ احتیاط کرتے کرتے اخوت ہی کو چھوڑ دیا جاوے۔ ایک شخص (۔) ہو اور پھر سلسلہ میں داخل ہو اور اس کو یوں چھوڑ دیا جاوے جیسا کتے کو، یہ بڑی غلطی ہے۔ جس زندگی میں اخوت اور ہمدردی ہی نہ ہو وہ کیا زندگی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 270)

ماہر امراض بچگان کی آمد

مکرم ڈاکٹر عطاء الرحمٰن معاذ صاحب ماہر امراض بچگان (چائیلڈ سپیشلسٹ) مورخہ 14 اور 15 فروری 2009ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریض بچوں کا معائنہ کرینگے احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ پرچی روم سے قبل از وقت رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

تیسرا سالانہ کنونشن

(احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن)

احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان کا تیسرا سالانہ دو روزہ کنونشن مورخہ 4-5 اپریل 2009ء کو آڈیٹوریم طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں منعقد ہوگا۔ تمام احمدی میڈیکل و ڈینٹل ڈاکٹرز فارماسسٹ اور طلبہ سے بھرپور شرکت کی درخواست ہے۔ اس مرتبہ کنونشن کے موقع پر بعض بنیادی ورکشاپس بھی شامل کی جا رہی ہیں۔ تحقیقی مضامین بھجوانے کی آخری تاریخ 10 مارچ 2009ء مقرر کی گئی ہے۔ مزید رابطے کے لئے اپنے چیپٹرز کے عہدیداران یا جنرل سیکرٹری ایسوسی ایشن سے رابطہ کریں۔

(ڈاکٹر سلطان احمد مبشر جنرل سیکرٹری احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ فون نمبر 2-047-6216010)

نیلامی سامان

دفتر نظامت جائیداد کے سٹور میں درج ذیل سامان جیسے ہے کی بنیاد پر بذریعہ نیلامی مورخہ 17 فروری 2009ء کو بوقت 9 بجے صبح فروخت کیا جائے گا۔ نیلامی کی رقم موقع پر نقد وصول کی جائے گی۔ خواہشمند احباب استفادہ فرمائیں۔

سامان

میز لکڑی، کرسیاں، سیلنگ فین، گیزر، ٹیلی فون سیٹ، جنریٹر پرانا، واٹر کولر، دیگر لوہے اور لکڑی کا سامان۔

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

19 فروری 2009ء

12-30 am	لقاء مع العرب
1-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am	چلڈرنز کلاس
3-05 am	تقریر جلسہ سالانہ
3-25 am	شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
4-05 am	مخزن
5-00 am	تلاوت،خبریں
5-55 am	ہماری کائنات
6-20 am	لقاء مع العرب
7-35 am	خطبہ جمعہ
8-45 am	آسٹریلیا کی دلکشی
9-10 am	مباحثہ اردو زبان میں
10-30 am	تقریر جلسہ سالانہ
11-05 am	تلاوت، درس ملفوظات،خبریں
12-05 pm	بستان وقف نو
1-20 pm	ملاقات پروگرام
2-20 pm	دورہ حضور انور
3-15 pm	انڈونیشین سروس
4-15 pm	پشتو سروس
5-00 pm	تلاوت،خبریں
5-15 pm	بنگلہ پروگرام
6-55 pm	ترجمۃ القرآن کلاس
8-00 pm	دورہ حضور انور
8-55 pm	ملاقات پروگرام
9-55 pm	مشاعرہ ’’ایک شام‘‘
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے خبریں
11-30 pm	عربی سروس

20 فروری 2009ء

1-35 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-10 am	ترجمۃ القرآن
3-15 am	المائدہ
3-45 am	بستان وقف نو
5-00 am	تلاوت، درس ملفوظات،خبریں
6-05 am	المائدہ
6-30 am	لقاء مع العرب
7-40 am	دورہ حضور انور
8-35 am	ترجمۃ القرآن
9-35 am	مشاعرہ
10-45 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
11-05 am	تلاوت، درس حدیث،خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
12-55 pm	مباحثہ
1-50 pm	تقریر
2-35 pm	حضرت مصلح موعود کی زندگی پر ڈاکومنٹری پروگرام
2-55 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	چوہدری محمد علی صاحب کا انٹرویو
4-50 pm	تلاوت،خبریں
6-00 pm	خطبہ جمعہ براہ راست Live
7-15 pm	درس حدیث
7-25 pm	بنگلہ پروگرام
8-15 pm	انٹرویو (دوبارہ)
9-05 pm	خطبہ جمعہ
10-15 pm	سپاٹ لائیٹ
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm	عربی سروس

21 فروری 2009ء

1-35 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-15 am	خطبہ جمعہ
3-35 am	حضرت مصلح موعود کی زندگی پر ڈاکو منٹری پروگرام
4-00 am	مباحثہ (دوبارہ)
5-05 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-15 am	تلاوت، درس حدیث، جماعتی خبریں
6-35 am	ڈاکومنٹری پروگرام
7-05 am	مباحثہ
8-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-10 am	خطبہ جمعہ
9-25 am	حضرت مصلح موعود (دوبارہ)
9-40 am	انٹرویو
10-30 am	ڈاکومنٹری پروگرام (دوبارہ)
11-00 am	تلاوت، درس حدیث،خبریں
11-50 am	خطبہ جمعہ
12-55 pm	سیرت صحابیات
1-50 pm	خطبہ جمعہ
2-50 pm	انڈونیشین سروس
3-50 pm	فرنچ سروس
4-25 pm	آسٹریلیا کی دلکشی
4-55 pm	تلاوت،خبریں
6-10 pm	بنگلہ پروگرام
7-10 pm	انتخاب سخن
8-10 pm	چلڈرن کلاس
9-30 pm	خطبہ جمعہ
10-30 pm	آسٹریلیا کی دلکشی
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm	عربی سروس

مکرم منیر احمد صاحب امیر ضلع لودھراں

ضلع لودھراں کے خلافت جوبلی پروگرام

مورخہ 16 مئی 2008ء کو ضلعی سطح پر خلافت جوبلی کے جلسے کا انعقاد لودھراں شہر میں کیا گیا۔ جس میں مرکز سے مکرم بشارت احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد نومبائعین اور مکرم آصف جاوید چیمہ صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ تشریف لائے یہ پروگرام تقریباً دس بجے شروع ہوا اور سہ پہر تین بجے اختتام پذیر ہوا۔ اس میں پورے ضلع سے انصار، خدام، اطفال، لجنہ اور ناصرات نے شمولیت کی۔ کل حاضری 292 تھی اور اس کے علاوہ نومبائعین بھی اس جلسے میں شامل ہوئے جن کی تعداد 56 تھی۔

27 مئی کو ہر جماعت میں خلافت جوبلی کے جلسے منعقد کئے گئے جس میں ہر فرد جماعت کو شامل کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی مختلف جگہوں پر کھانے اور مٹھائی کی تقسیم کا انتظام کیا گیا اس دن بیوت الذکر اور مربی ہاؤسز پر چراغاں بھی کیا گیا۔

حضور پرنور کا 27 مئی کا خطاب سننے کے لئے ہر جماعت میں انتظام تھا۔ ہر جماعت نے حضور کا براہ راست خطاب سنا اور پیارے آقا نے اس موقعہ پر جو عہد لیا تمام احباب جماعت نے کھڑے ہو کر اس عہد کے مقدس الفاظ دہرائے۔

ضلع کے متفرق پروگرام

لودھراں شہر

مورخہ 30 مئی 2008ء کو خلافت جوبلی سیمینار مجلس خدام الاحمدیہ کے زیر تحت لودھراں شہر میں منعقد ہوا۔ جس میں حاضری 57 تھی۔

دنیاپور

مورخہ 6 جون کو خلافت جوبلی کے تحت دنیا پور میں نومبائعین کا اجتماع ہوا۔ جس میں احمدی احباب کے علاوہ تقریباً 57 نومبائعین شامل ہوئے۔ کل حاضری 125 تھی۔

چاہ بی بی والا

20 جون کو صد سالہ خلافت جوبلی کے حوالے سے جماعت چاہ بی بی والا میں ایک جلسہ منعقد کیا گیا حاضری 102 تھی جن میں 12 نومبائعین بھی شامل ہوئے جلسے کے بعد کبڈی اور فٹ بال کے میچ بھی ہوئے جس میں خدام اور انصار نے بھی بھرپور حصہ لیا۔ آخر میں چاہ بی بی والا جماعت نے مہمانوں کی خدمت میں کھانا پیش کیا۔

قطب پور

25 جون 2008ء کو مجلس خدام الاحمدیہ قطب پور نے جوبلی پروگرام تشکیل دیا جس میں حاضری 56 تھی اور اس میں چار نومبائعین بھی شامل ہوئے۔

سالانہ ضلعی سیمینار

مورخہ 3/اگست کو سالانہ ضلعی سیمینار خلافت جوبلی دنیا پور میں منعقد ہوا۔ جس میں مرکزی نمائندہ نے بھی شرکت کی۔ خلافت کی برکات، خلیفہ وقت کے ساتھ ذاتی تعلق اور خلافت کی اہمیت پر تقاریر ہوئیں اس میں حاضری تقریباً 157 تھی۔

لودھراں شہر

6/اگست کو لودھراں شہر میں سیرت النبی ﷺ کا پروگرام تشکیل دیا گیا جس میں مرکزی نمائندہ محترم مبشر احمد صاحب کاہلوں ناظر دعوت الی اللہ اور مکرم میر عبدالباسط صاحب نائب ناظر دعوت الی اللہ نے شرکت کی۔ اس میں لوکل جماعت کے علاوہ تقریباً 45 کے لگ بھگ مہمان دوست بھی شامل ہوئے۔

قطب پور

24/اگست 2008ء کو صد سالہ خلافت جوبلی کے سلسلے میں قطب پور میں سیرت النبی ﷺ کا جلسہ ہوا جس میں قریباً سارے ضلع سے 131 افراد شامل ہوئے اور 12 مہمان بھی موجود تھے۔

دنیاپور

6 نومبر کو دنیا پور شہر میں جلسہ سیرت النبی ﷺ ہوا۔ جس میں مکرم میر عبدالباسط صاحب نائب ناظر دعوت الی اللہ اور مکرم ظہیر احمد بابر صاحب مرکزی نمائندے کے طور پر شامل ہوئے۔ اس جلسے میں 34 مہمان دوست شامل ہوئے۔

ضرورت سیکیورٹی گارڈ

مکرم سیف علی شاہد صاحب امیر ضلع میر پور خاص تحریر کرتے ہیں کہ فضل عمر میڈیکل سنٹر میر پور خاص میں سیکیورٹی گارڈ کی ضرورت ہے۔ خدمت کا جذبہ رکھنے والے ایسے افراد جن کے پاس اپنا اسلحہ اور لائسنس ہو وہ مجھ سے رابطہ کریں۔ ریٹائرڈ فوجی کو ترجیح دی جائے گی۔ درخواست گزار کی عمر 30 سے 40 سال کے درمیان ہو۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمد افضل متین صاحب

آنحضور ﷺ کے اوصاف حمیدہ

ہمارے آقا و مولا حضرت محمد ﷺ آخری صاحب شریعت نبی اور خاتم الانبیاء ہی نہ تھے بلکہ آپؐ حاکم وقت بھی تھے آپ ایک انتہائی کامیاب جرنیل بھی تھے آپ اپنے خاندان کے سربراہ بھی تھے اور آپؐ اپنی قوم کے سردار بھی تھے۔

آپؐ کوہ وقار تھے۔ کسی ایسی حرکت کا سرزد ہونا ناممکن تھا جو دوسروں میں کراہت پیدا کردے۔ ہر ادا دل کو موہ لینے والی تھی۔ ہر انداز میں حسن ٹپکتا تھا۔ انداز بیان سحر کن تھا۔ نگاہ مبارک اٹھتی تو فضا میں حسن بکھر جاتا۔ آپؐ سخاوت میں نہایت کشادہ تھے سب انسانوں سے بڑھ کر وسیع الحوصلہ تھے۔ بات کے انتہائی سچے اور کھرے تھے اور تمام لوگوں سے بڑھ کر عہد اور ذمہ داری کو نبھانے والے تھے۔ نہایت درجہ نرم طبیعت پائی تھی۔ معاشرت اور حسن سلوک میں آپؐ کی بلندی کو کوئی نہ پہنچ سکتا تھا۔ جو شخص آنحضورؐ کو اچانک دیکھتا مرغوب ہو جاتا لیکن جسے آپؐ سے تعارف اور قرب حاصل ہوتا وہ آپؐ کی محبت میں سرشار ہو جاتا اور اگر کوئی آپؐ کا وصف بیان کرنا چاہتا تو یہ کہہ لینے پر مجبور ہو جاتا کہ اس نے زندگی میں نہ پہلے آپؐ جیسا کوئی دیکھا نہ بعد میں۔

غرض ظاہری اور باطنی حسن کے اعتبار سے آپؐ جیسا کوئی اور وجود پیدا نہ ہوا آپؐ کے وجود میں، آپؐ کی ہر ادا میں، آپؐ کی حرکات وسکنات میں، آپؐ کے عظیم اخلاق میں، آپؐ کی سوچ اور فکر میں آپؐ کے سکوت میں آپؐ کی گفتگو میں حسن ہی حسن بھرا ہوا تھا مختصر لیکن فصیح و بلیغ، جامع اور معانی سے بھرپور کلام کرتے۔ فرفر کر کے نہ بولتے بلکہ سمجھانے کے انداز میں ٹھہر ٹھہر کر گفتگو فرماتے اور اکثر اپنے فقرات دہراتے۔ جب گفتگو فرما رہے ہوتے تو صحابہؓ اس طرح جامد ہو کر بیٹھتے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں نہ تُند خُو تھے، نہ درشت گو تھے، نہ کسی کا عیب بیان کرتے نہ کسی کی تعریف میں مبالغہ کرتے۔ نہ چیخ چیخ کر بولتے، نہ ہی عادتاً نہ تکلفاً کبھی فحش کلام کرتے۔ بے ضرورت نہ بولتے اور نہ ہی بے مطلب بات کہتے۔ دائم الحزن تھے۔ لیکن ہمیشہ چہرہ پر مسکراہٹ بکھری رہتی۔ تالیف قلب فرماتے۔ عزت و تکریم اور بشاشت کے ساتھ پیش آتے۔

آپؐ کی مجالس حلم اور علم، حیا اور صبر امانت اور ذکر الٰہی کی مجالس ہوتی تھیں۔ حیا کا یہ عالم تھا کہ کسی کی نگاہ میں نگاہ ڈال کر نہ دیکھتے اور نہ ہی منہ در منہ یا نام لے کر کسی کی برائی کرتے غرض آپؐ کے وجود میں حسن نے اپنا کمال دکھایا۔

اگر کسی سے کسی وقت میں ذرا سا تعلق بھی پیدا ہوا تو اس کو ہمیشہ نبھایا کسی نے کوئی چھوٹی سی نیکی بھی آپؐ کے ساتھ کی تو ہمیشہ اس کو احسان مندی کے ساتھ قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ جتنا جتنا کوئی آپؐ سے قریب ہوا اتنا اتنا آپؐ کی وفا سے فیض یاب ہوتا گیا۔ طائف سے واپسی پر آپؐ کو مطعم بن عدی نے پناہ دی تھی اور آپؐ اس کی پناہ میں مکہ میں داخل ہوئے تھے۔ جبیر بن مطعمؓ کہتے ہیں کہ جب جنگ بدر کے بعد کفار کے قیدی آپؐ کے پاس لائے گئے تو آپؐ نے فرمایا اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور مجھ سے ان گندے لوگوں کے بارہ میں سفارش کرتا تو میں اس کی خاطر ان کو چھوڑ دیتا۔

ابوقتادہؓ سے روایت ہے کہ جب نجاشی کا وفد رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آنحضرتؐ ان کے اعزاز میں ان کی مہمان نوازی کرنے کے لئے خود اپنے ہاتھ سے کام میں مصروف ہو گئے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ! آپ تشریف رکھیں۔ ہم جو ہیں آپ کے خدام، ہم آپ کی خاطر آپ کے مہمانوں کی خدمت کریں گے۔ اس پر آپؐ نے صحابہؓ کو بڑا ہی پیارا جواب دیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ نہیں جب ہمارے دوست ان کے پاس گئے تھے تو انہوں نے ان کی بڑی عزت افزائی کی ان کی بڑی خدمت کی تھی۔ آج اتنی دیر کے بعد مجھے ان کی خدمت کا موقعہ ملا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ میں خود اپنے ہاتھ سے ان کی خدمت کروں تا کہ ان کی اس وقت کی ہمارے دوستوں کی مہمان نوازی اور ان کی عزت افزائی کا کچھ بدلہ انہیں دے سکوں۔ باوجود اس کے کہ آپؐ عظیم الشان نبی تھے مگر آپؐ کی عاجزی کا اندازہ کسی قدر آپ کی اس دعا سے ہوتا ہے جو آپؐ نے بدر کے میدان میں کی تھی۔ آپؐ خدا کے حضور گڑ گڑاتے اور روتے ہیں اور اس قدر گڑ گڑاتے اور روتے ہیں کہ آپؐ کی چادر کپکپی کی وجہ سے کندھے سے بار بار اتر جاتی ہے اپنے مولیٰ سے عرض کرتے ہیں اے اللہ! تو جانتا ہے کہ یہ میری تڑپ اور میری بیقراری اس لئے نہیں کہ میں اپنی جان کو یا اپنے ساتھیوں کی جانوں کی کوئی قیمت دیتا ہوں، میں تو صرف تیرے نام کی عظمت چاہتا ہوں اور اگر تیرے نام کی عظمت میری موت سے وابستہ ہے تو تو جانتا ہے کہ میں تیرے لئے سب سے پہلے جان دوں گا۔ میں تو تجھ سے صرف یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر آج ہم زندہ رکھے جائیں گے اور تیری جناب سے تیرے وعدوں کے مطابق ان مشرکوں پر غالب آ جائیں گے تو تیرا نام بلند ہوگا۔ لیکن آج اگر ہم لوگ مارے گئے تو پھر یہ مشرک تمام عمر تیرے بندوں کو یہ طعنہ دیتے رہیں گے کہ ھبل کے بندوں نے ان کو جو اپنے آپ کو اللہ کے بندے کہتے تھے بدر کے میدان میں ہلاک کر دیا تھا اور یہ تیرے نام کے مقابل پر اپنے جھوٹے خداؤں کے ناموں کو بلند کرنے میں اور دلیر ہو جائیں گے۔ میرے مولیٰ! میں جانتا ہوں کہ تو بے نیاز ہے۔ میرے مولیٰ یہ تیری شان ہے لیکن میں اپنے اس دل کو کہاں لے جاؤں میں کیا کروں مجھ سے یہ برداشت نہیں ہوتا کہ مشرک یہ موقع پائیں کہ تیرے نام کے مقابل پر اپنے بتوں کے نام بلند کر سکیں۔ پس میں تجھ کو تیرے نام کی عظمت کا واسطہ دیتا ہوں کہ تو اپنے وعدوں کو یاد کر اور آج اس میدان میں اپنے نام کو بلند کر دے اور پھر دنیا نے دیکھا کہ کس طرح وہ تین سو تیرا افراد کا کمزور گروہ ایک ہزار افراد پر مشتمل طاقتور گروہ پر غالب آیا۔

وہ جو خدا کو سب سے زیادہ پیارا تھا اور فخر الاولین اور آخرین تھا جو سید المرسلین تھا وہ جس کے لئے زمین و آسمان بنائے گئے، وہ جو دنیا میں جب جلوہ گر ہوا تو اپنے حسن واحسان کے نور سے زمین و آسمان کو روشن کر گیا اور جب اس جہان سے رخصت ہوا تو قیامت تک کے لئے اداسیوں کے اندھیرے بھر گیا، وہ جس کے اشارہ پر قوموں کی تقدیریں بدل گئیں۔ ہاں وہ جو کروڑہا انسانوں کے دل و دماغ پر حکومت کرتا ہے وہ جس کی ایک آواز پر عشاق نے اپنے خون بہا دیئے وہ جس کے نام سے قیصر و کسریٰ لرزتے تھے۔ ہاں وہی جس کو اللہ کے بعد حقیقی بادشاہت حاصل تھی اس نے اپنی تمام عمر عاجزی، انکساری اور مسکینی میں گزار دی۔ آپؐ ہمیشہ مسکرا کر لوگوں سے ملتے۔ کوئی چھوٹا ہو یا بڑا ہمیشہ آپؐ ہی اس سے سلام میں پہل کرتے۔ جب کوئی صحابی آپؐ کو بلاتا تو ہمیشہ فرماتے لبیک میں حاضر ہوں۔ اگر کوئی مصافحہ کرتا تو جب تک وہ خود آپؐ کا ہاتھ نہ چھوڑ دے آپؐ ہاتھ نہ چھڑاتے اگر کوئی شخص کسی کام یا کسی بات کے لئے آپؐ کو روکتا تو اس وقت تک جب تک وہ خود بات ختم نہ کرے آپؐ اس کے پاس کھڑے رہتے۔ اگر کوئی مسکین، غریب شخص بھی بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کو جاتے۔ جنازوں کے ساتھ جاتے۔ غرباء کے ساتھ بیٹھنے میں کوئی عار محسوس نہ کرتے اور اپنے صحابہؓ کے ساتھ گھل مل کر بے تکلفی کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے۔ کسی مجلس میں تشریف لاتے تو جہاں جگہ مل جاتی وہاں ہی بیٹھ جاتے اور کبھی یہ کوشش نہ کرتے کہ لوگوں کے سروں پر سے پھلانگتے ہوئے آگے جا کر بیٹھیں۔ اگر کوئی غلام بھی دعوت پر بلاتا تو بڑی بشاشت سے اس کی دعوت قبول فرماتے۔ گھر والوں کے ساتھ کام کاج میں ہاتھ بٹاتے۔ گھر میں جھاڑو دے لیتے۔ گھر کے لئے بازار سے سودا سلف لے آتے۔ کپڑے کو پیوند کی ضرورت ہوتی تو خود بھی لگا لیتے۔ اپنی جوتی خود گانٹھتے۔ اپنے جانور کو خود چارہ دیتے بکری کا دودھ دوہتے۔ غرض اپنے ہاتھ سے اپنے کام کرتے۔ گھر کے خادموں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے میں کوئی عار نہ سمجھتے۔ اگر گھر کی خادمہ کو ضرورت پڑتی تو آٹا گوندھنے میں بھی اس کی مدد کر دیتے اور ہمیشہ یہ دعا کرتے کہ اللہ! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھنا اور مسکینی کی حالت میں وفات دینا۔ مکہ میں آپؐ ایک گلی سے باہر نکل رہے تھے کہ دیکھا سامنے سے ایک بوڑھی عورت سامان کا گٹھڑ اٹھائے چلی آتی ہے آپؐ اسے فرماتے ہیں کہ مجھے دو میں تمہارا سامان تمہارے ساتھ چھوڑ آؤں آپؐ اس کا سامان اپنے سر پر اٹھا لیتے ہیں وہ عورت آپؐ کو پہچانتی نہیں۔ وہ آپؐ کو دعائیں دیتی ہے۔ لیکن تمام راستے میں محمد ﷺ کو برا بھلا کہتی رہتی ہے اور نہیں جانتی کہ وہ کس کو کیا کہہ رہی ہے آپؐ خاموشی سے اس کا سامان اٹھائے اس کے ساتھ چلے جاتے ہیں اور اس کو اس کے گھر تک پہنچاتے ہیں۔ پھر آپؐ اس سے رخصت لیتے ہیں تو وہ کہتی ہے کہ بتاؤ تو سہی تم۔ ہو کون۔ تو آپؐ فرماتے ہیں میں وہی محمد تو ہوں جس کو تم تمام راستہ برا بھلا کہتی رہی ہو۔

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک اجنبی شخص رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ کے چہرہ پر نگاہ پڑی اور آپؐ کا ایسا رعب اس پر طاری ہوا کہ خوف سے کانپنے لگا۔ آپؐ نے اس کی یہ حالت دیکھی تو فرمایا بس بس ذرا حوصلہ سے کام لو۔ کیوں اتنے خوف زدہ ہو رہے ہو۔ میں کوئی بادشاہ تو نہیں میں تم جیسی ایک قریشی عورت کا بیٹا ہوں جو سوکھا گوشت کھایا کرتی تھی اسی طرح حضرت انس فرماتے ہیں کہ اگر مدینہ کی لونڈیوں میں سے بھی کوئی لونڈی رسول اللہؐ کے پاس اپنی کسی ضرورت کے لئے آتی تو وہ اس بات میں کوئی تذبذب محسوس نہ کرتی تھی کہ رسول اللہؐ کا ہاتھ پکڑ کر جہاں چاہے لے جائے اور اس وقت تک رسول اللہؐ کو اپنے ساتھ روکے رکھے جب تک اس کا کام نہ ہو جائے۔ صحابہؓ کے ساتھ پیار وشفقت کے انداز بھی عجیب تھے۔ حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے اونٹ خریدتے ہیں اور اس کی قیمت سے زیادہ ان کو دیتے ہیں اور پھر تحفہ کے طور پر انہیں وہ اونٹ بھجوا دیتے ہیں کیونکہ احساس ہے کہ حضرت جابر نے نئی نئی شادی کی ہے غیرت کی وجہ سے باوجود ضرورت کے نہیں مانگتے۔

ایک بدو بھی رحمت کا عجیب نظارہ دیکھتا ہے۔ مسجد میں آتا ہے وہاں بیٹھ کر پیشاب کرنے لگتا ہے۔ صحابہ اس کو روکنا چاہتے ہیں لیکن رسول اللہؐ صحابہ کو منع کر دیتے ہیں۔ ایک حبشی عورت جو مسجد نبوی کی صفائی کیا کرتی تھی اسے چند دن نہیں دیکھتے تو پوچھتے ہیں کہ وہ کہاں ہے؟ صحابہؓ عرض کرتے ہیں کہ رات فوت ہو گئی تھی اور رسول اللہؐ کو اطلاع دیئے بغیر دفنا دی گئی۔ تب اس کے مزار پر جاتے ہیں اور وہاں اس کی نماز جنازہ پڑھتے ہیں۔ ایک رئیس خاندان کا نوجوان مصعب بن عمیر مسلمان ہو کر اپنی تمام جائیداد کھو بیٹھتا ہے۔ اس کو جب صرف ایک پھٹی ہوئی پیوند شدہ چادر میں ملبوس دیکھتے ہیں تو آپؐ بے اختیار رو پڑتے ہیں۔ زاہر نامی دیہاتی جو پست قد اور بدشکل انسان ہے اسے ایسا پیار کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ پیچھے سے جا کر اس سے لپٹ جاتے ہیں وہ بھی جب دیکھتے ہیں کہ ان کے

اس طرح ناز اٹھائے جا رہے ہیں تو اپنی پیٹھ رسول اللہؐ سے رگڑنے لگتے ہیں اور آپؐ کے صاف کپڑے زاہر کے گندے کپڑوں سے خراب ہو جاتے ہیں رسول اللہ ﷺ پھر یہ آواز دیتے ہیں کہ کوئی ہے جو مجھ سے یہ غلام خریدے تو زاہر عرض کرتے ہیں کہ یا رسول میں تو گھاٹے کا سودا ہوں۔ فرماتے ہیں کہ نہیں! خدا کے حضور میں تمہاری بہت قیمت ہے۔

جب تک اس جہان میں رہے اخلاق فاضلہ کو ان کی عظمتیں بخشتے رہے اور ایسے عظیم اخلاق دکھائے۔ ایسی صفات حسنہ آپؐ کے وجود میں ظاہر ہوئیں کہ انسانیت کو عروج پر پہنچایا اس طرح عقلیں دنگ رہ گئیں اور دوست و دشمن ورطہ حیرت میں پڑ گئے اور جو جان کے دشمن تھے جاں نثار بن گئے ایسے جاں نثار کہ جن کو آپؐ کی عظمتوں نے عاشق زار بنا دیا ایسا عاشق زار کہ جب محبوبؐ نے وضو کیا تو کوئی پانی کا قطرہ جو جسم مبارک کو چھو کر گزرا زمین پر نہ گر پایا اور عاشقوں نے ہوا ہی میں اسے اچک لیا اور جب اس دنیا سے گزر گئے تو عاشقوں کی کمریں ٹوٹ گئیں اور عمرؓ جیسا جری انسان بھی اپنے حواس کھو بیٹھا اور جب اس کو یقین دلایا گیا کہ تیرا محبوب واقعی اس جہان سے رخصت ہو گیا تو فرط غم سے بے ہوش ہو کر گر گیا۔ بلالؓ نے اذان دینی چھوڑ دی اور حسانؓ دیوانہ وار گلیوں میں یہ شعر گاتا رہا

تو میری آنکھ کی پتلی تھا جن سے میں باوجود نابینا ہونے کے دیکھتا تھا۔ تو تھا تو سارا جہان اور یہ ساری کائنات میرے تھے۔ تو چلا گیا تو میں واقعی اندھا ہو گیا۔ ڈر تھا تو صرف تیری وفات کا اب جو چاہے مرے یا زندہ رہے مجھے کیا۔

ایسے وجود تھے کہ آپؐ کے کمالات، آپؐ کی عظمتوں کا فیض آج بھی جاری ہے ایسے وجود تھے کہ حجاب میں رہ کر بھی بازار عشق گرم رکھا۔ بڑے بڑے عشاق پیدا کئے اور ایک وہ بھی جو سب عاشقوں سے بڑھ کر عاشق تھا جس کے پور پور سے آپؐ کی محبت ٹپکتی تھی اور وہ کبھی جو الفاظ کا روپ دھارتی تو کچھ مستانے یہ آواز بھی سنتے کہ

سردارم فدائے خاک احمدؐ
دلم ہر وقت قربان محمدؐ

ایسا عاشق جو اس غم سے ہلاک ہو گیا تھا کہ آج دنیا کیوں اندھی ہو گئی اور یہ کیسے ہو گیا کہ وہ جو عرش پر سب سے زیادہ قابل تعریف تھا وہ دنیا کی گالیوں کا نشانہ بن گیا اور وہ اس غم میں ایسا تڑپا، ایسا بے قرار ہوا، ایسا دکھ میں پڑا کہ اس کی دعاؤں نے خدائے واحد کے عرش کو ہلا دیا اور اس نے اپنا سب کچھ عزت محمدی کے لئے قربان کر دیا اور بار بار یہ آواز دنیا کے آفاق تک پہنچی کہ:۔

”اگر یہ لوگ ہمارے بچوں کو ہمارے آنکھوں کے سامنے قتل کرتے اور ہمارے جانی اور دلی عزیزوں کو............ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے اور ہمیں بڑی ذلت سے جان سے مارتے اور ہمارے تمام اموال پر قبضہ کر لیتے واللہ ثم واللہ ہمیں رنج نہ ہوتا اور اس قدر کبھی دل نہ دکھتا جو ان گالیوں اور اس توہین سے جو ہمارے رسول کریم ﷺ کی گئی دکھا۔“

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 52)

پھر فرماتے ہیں۔

آنحضرت ﷺ اس قدر خدا میں گم ہو گئے تھے کہ آپؐ کی زندگی کے تمام انفاس اور آپؐ کی موت محض خدا تعالیٰ کے لئے ہو گئی تھی اور آپؐ کی روح خدا کے آستانہ پر ایسے اخلاص سے گری تھی کہ اس میں غیر کی ایک ذرہ آمیزش نہ رہی تھی۔

آپؐ ہر وقت خدا کی یاد میں بے کل اور بے قرار رہتے خدا کی رضا کے حصول کے لئے ہمیشہ فکر مند رہتے۔ تہجد میں اتنا لمبا قیام فرماتے کہ کھڑے کھڑے آپؐ کے پاؤں پر ورم ہو جاتا قرآن کریم کی تلاوت فرماتے رحمت کی آیتیں آتیں تو رک کر خدا کی رحمت طلب کرتے۔ عذاب کی آیات آتیں تو بھی رک جاتے اور خدا سے اس کے عذاب کی پناہ مانگتے۔ اکثر بے قرار ہو کر یہ دعا کرتے۔ اے میرے مولیٰ! میری پیشانی ہی نہیں میری روح اور میرا دل بھی تیرے حضور سجدہ ریز ہیں۔

ماخوذ

تحریر: خالد حسن .... ترجمہ: مبشر احمد محمود

بے ہنگم اردو صحافت

دنیا بھر میں اخبارات اپنے صفحہ اول پر چھ سے آٹھ تک خبریں شائع کرتے ہیں۔ ان میں سے بھی کم از کم آدھی تو اسی صفحہ پر مکمل کر دی جاتی ہیں اور باقی کو ان کی اہمیت کے اعتبار سے اسی صفحہ کے اندرون یا پُشت پر بقیہ کے طور پر درج کیا جاتا ہے۔ یہ طریق کار بہت مناسب اور معقول ہے اور پاکستانی پریس بھی کسی زمانہ میں اسی آزمودہ فارمولہ پر عمل کیا کرتا تھا۔ انگریزی زبان کے اخبارات تو ابھی تک اسی طریق پر عمل پیرا ہیں مگر اردو اخبارات تو یوں لگتا ہے گویا ایک وحشت کا شکار ہیں۔

آپ کسی اردو اخبار کا صفحہ اول اٹھا کر دیکھئے۔ آپ کو بے ہنگم خاردار جھاڑیوں سے لبریز کسی جنگل کا سا منظر دکھائی دے گا۔ ایک عام اوسط درجہ کے اردو اخبار کے صفحہ اول پر تیس سے پینتیس تک خبریں شائع کی جاتی ہیں بلکہ کوشش یہ کی جاتی ہے کہ اس روز کی تمام ہی خبریں صفحہ اول پر ٹھونس دی جائیں۔ چاہے وہ قابل اشاعت ہوں یا نہ ہوں۔ نتیجتاً صفحہ اول کسی ایسی آبادی کا منظر پیش کر رہا ہوتا ہے جسے ابھی ابھی کسی شدید طوفان نے روند ڈالا ہو اور ہر طرف خبریں نہیں بلکہ خبروں کا ملبہ بکھرا پڑا ہو۔ کسی بھی خبر کا ابتدائی حصہ پڑھ لینے کے بعد اگر آپ اس کا آخری حصہ بھی پڑھنا چاہیں تو آپ کو اخبار کے اندرونی صفحات پر اس خبر کے بقیہ کا سیریل نمبر تلاش کرنا پڑے گا کیونکہ بقیہ جات خبر سے اس قدر زیادہ تعداد میں ہوتے ہیں کہ انہیں باقاعدہ نمبر شماری کے ساتھ شائع کیا جاتا ہے۔ اس طرح کسی خبر کی آخری چند سطریں پڑھنے کے لئے آپ کو گویا ایک مہم سر کرنا پڑے گی۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ کچھ عرصہ کے دوران ہزاروں ایسی خبریں ہوں گی جن کا بقیہ مجھے نہیں مل سکا اور ہزاروں ایسی ہوں گی جن کا بقیہ تو مجھے نظر آ گیا مگر خبر کی ابتدا کیا تھی کچھ پتہ نہ چلا۔ یہ صورتحال سعادت حسن منٹو کے افسانے ”بادشاہت کا خاتمہ“ سے بہت مشابہ ہے جس میں کہانی کا ہیرو ایک ہی ناول کو بار بار پڑھتا ہے مگر اسے کبھی یہ پتہ نہیں چلتا کہ ناول کے کردار بالآخر کس انجام سے دوچار ہوئے کیونکہ ناول کے آخری کچھ صفحات ہی غائب ہوتے ہیں۔

اردو اخبارات کی اس نوع کی ہیئت کا نتیجہ یہ ہے کہ اب قارئین کی اکثریت صرف سرخیاں پڑھنے پر ہی اکتفا کرتی ہے۔ قبل ازیں سرخیوں کی بھی زیادہ سے زیادہ ایک ذیلی سطر ہوا کرتی تھی مگر اب تو ہر بڑی خبر کے ساتھ پانچ، چھ ذیلی سرخیاں بھی ہوتی ہیں جو پوری خبر کا جامع خلاصہ اپنے اندر سموئے ہوئے ہوتی ہیں۔ یوں اردو اخبارات اپنے قارئین کے ساتھ یہ زیادتی کر رہے ہیں کہ ان کی اکثریت اسی خلاصہ پر مطمئن ہو کر مذکورہ واقعہ کی مزید تفصیلات جاننے میں دلچسپی ہی نہیں لیتی اور مکمل معلومات سے محروم رہ جاتی ہے۔ محض سرخیوں پر نظر ڈال لینا یا پوری خبر پڑھنا، دونوں بالکل مختلف باتیں ہیں۔ اہم حقائق و واقعات کے متعلق ہم پاکستانیوں کے سرسری رویہ اور مبہم معلومات کی ذمہ داری کسی حد تک اردو پریس کے مذکورہ طرز عمل پر بھی ڈالی جا سکتی ہے۔ ہمارے ذوق اور عادات کو اس طرح بگاڑ دیا گیا ہے کہ یہ اب ناقابل علاج ہیں۔

اب آیئے اردو اخبارات میں چھپنے والے ان کالموں پر ایک نظر ڈالیں جو اخبارات نے خود اپنے اوپر مسلط کر رکھے ہیں اور جن کی تعداد بڑھتی ہی چلی جا رہی ہے۔ ان کالموں میں اکثر حکومت وقت کو ایسی نصائح کی جاتی ہیں جنہیں حکم یا وارننگ کہنا زیادہ بہتر ہوگا۔ ان کے موضوعات اکثر و بیشتر اس قدر ذاتی ہوتے ہیں کہ جن میں خود کالم نویس یا اس کے اہل خانہ کے علاوہ کسی دوسرے کو ذرا بھر دلچسپی نہیں ہو سکتی۔ ہمیں بتایا جاتا ہے کہ کالم نویس نے گزشتہ رات کیا کھایا تھا، گزشتہ روز اسے لنچ کس نے کروایا تھا، اس کے تھرڈ کزن کا کیا نام ہے، اسے کس کس نے خطوط لکھے ہیں، اس کے بہترین دوست کون ہیں اور پوری دنیا کے لئے ان کے بارہ میں جاننا کیوں ضروری ہے۔ جس دن کالم نویس کے پاس لکھنے کو کچھ نہ ہو اس روز وہ اپنے محبوب قارئین کے خطوط شائع کر دیتا ہے۔ بعض دفعہ تو کالم کی بجائے اپنی وہ تقریر ہی شائع کر دی جاتی ہے جو کالم نویس نے کسی موقع پر کسی جگہ کی ہوتی ہے۔ ایک بار تو ایک کالم نویس پورے تین دن تک اپنے ایک طویل انٹرویو ہی کو شائع کرتا رہا جو اس نے کہیں دیا تھا۔

غالب تو اس بات پر حیران تھا کہ ؏

ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یا رب

ہم اس بات پر حیران ہیں کہ ہمارے ان اردو کالم نویسوں کی جھوٹی انا اور خود پسندی کا اگلا قدم کہاں ہوگا!

کچھ عرصہ قبل ایک صوبہ کے سربراہ کی طرف سے کچھ کالم نویسوں کو ایک تفریحی دورہ کرائے جانے کے صلہ میں ایک ہی اخبار کے ایک ہی شمارہ میں اور ایک ہی صفحہ پر متعدد کالم نویسوں کے اپنے میزبان کی بھرپور تعریف و تحسین پر مشتمل کالم شائع ہوئے۔ مدح و ستائش کا انداز ایسا تھا کہ خود ان کے ممدوح کو بھی اس سے شدید پریشانی ہوئی ہوگی۔ کیا ان حضرات کو اس بات کی ذرا بھی پرواہ نہیں کہ ان کے قارئین ان سے کچھ نہ کچھ ذمہ دارانہ رویہ کی اور تھوڑے بہت شخصی اور پیشہ وارانہ وقار کی توقع رکھتے ہیں۔ ان ستائشی کالموں کے صرف دو اقتباسات ملاحظہ فرمائیں:۔

”باکمال لوگ خال خال ہی ہوا کرتے ہیں۔ مگر وہ یقیناً ایک باکمال شخص ہے۔ جس خدا کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے میں اس کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جس طرح پرندہ شکاری سے بھاگتا ہے اسی طرح میں حکمرانوں کے قرب سے بھاگتا ہوں۔ مگر اس شخص سے نہیں۔ اس سے تو ملنے اور اسے جاننے کی میں شدید خواہش رکھتا ہوں اور اب جبکہ میں اس کے قریب ہوں تو مجھے لگتا ہے کہ وہ بھی میری قربت کا خواہش مند ہے۔ اے کاش ایک دن ایسا آئے کہ اس کی طرح کے لوگ اکٹھے ہوں اور اللہ کے فضل سے اس قوم کی تقدیر بدل ڈالیں جس نے اپنے بہت سے مصائب کو بڑے صبر کے ساتھ برداشت کیا ہے۔ اے کاش اے کاش“۔

ایک اور صاحب لکھتے ہیں:۔

”میں نے اپنے دوستوں سے سنا تھا کہ وہ ایک صاحب فکر سادہ اور دلکش شخصیت ہے۔ وہ حالات کو بدل دینا چاہتا ہے۔ وہ اقربا پروری سے نفرت کرتا ہے۔ اس نے اپنے دوستوں اور عزیزوں کے لئے ملازمتوں کے دروازے بند کر دیئے ہیں۔ مگر جب میں اس سے ملا تو میں نے اسے اس کی شہرت سے بھی زیادہ بڑا انسان پایا۔ ایک ایسا انسان جس کے دروازے سب کے لئے کھلے ہیں۔ جس کی آنکھیں مادرانہ شفقت سے چمکتی ہیں اور جو سگریٹ پر سگریٹ پھونکتا چلا جاتا ہے“۔ (ایسی بلندی ایسی پستی)

شاید مجھے اردو اخبارات پڑھنا چھوڑ دینا چاہئے۔

(بشکریہ روزنامہ ”دی نیوز“)

پیارے ابوجان محترم یعقوب احمد صاحب آف محمود آباد سٹیٹ سندھ

مکرم مظفر احمد شہزاد صاحب

خاکسار نے اپنی زندگی کی ستائیس بہاریں اس مہربان و مشفق وجود کی دعاؤں کے حصار میں گزاریں جو میرے لئے تربیت کا بہترین ادارہ تھا، پیار بانٹنے والی شخصیت، ہر ایک کے کام آنے والی، نیک خوش مزاج، خادم دین شخصیت، میرے پیارے ابوجان مکرم یعقوب احمد صاحب ہم سب بہن بھائیوں کو اللہ کے حوالے کر کے مورخہ 29/اگست 2007ء کو رحلت فرما گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

جب سے ہوش سنبھالا ایک بات تجربہ میں آئی نماز نہ پڑھنے پر ابوجان نے سرزنش کی اور ڈانٹا یہ بات ذہن میں ابھی تک بیٹھی ہوئی ہے، دین کے معاملے میں ابوجان کی غیرت دیدنی ہوتی تھی۔ کوئی گالی نکالے، اختلافی مسائل کی کوئی بات ہو یا کوئی ابوجان کے سامنے جھوٹ بولے تو آپ نبی کریم ﷺ کی اس حدیث پر شدت سے عمل کرتے کہ اگر تم کوئی برائی دیکھو تو ہاتھ یا زبان سے یا دل میں برا منا کر اس کو روکنے کی کوشش کرو۔

امی جان بتاتی ہیں کہ ایسی بات پر تمہارے ابوجان کا چہرہ متغیّر ہو جاتا۔ دینی تعلیمات کی روشنی میں متعلقہ فرد کو منع کرتے، حق گوئی آپ کا شیوہ رہا۔ آپ کے بھائی مکرم سعید احمد صاحب بیان کرتے ہیں کہ:

بھائی یعقوب احمد بہن بھائیوں کے ہمدرد اور جھوٹ سے نفرت کرتے تھے۔ نیک، نمازی اور دیانتدار تھے، زبان کے پکے اور سچ سے محبت کرنے والے تھے۔ دعوت الی اللہ کا بہت شوق تھا اور اس کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے۔ مکرم لطیف احمد صاحب جٹ بیان کرتے ہیں کہ آپ انتہائی ایماندار اور جھوٹ سے نفرت کرنے والے تھے ساری زندگی میں نے ان کے منہ سے گالی نہیں سنی۔

میرے پیارے ابوجان نے عملی زندگی میں جب قدم رکھا تو سب سے پہلے احمدیہ تعلیم الاسلام پرائمری سکول محمود آباد سٹیٹ میں بطور ٹیچر پڑھاتے رہے پھر ایک لمبے عرصہ تک سٹیٹ کی زمینوں پر بطور منشی کام کرتے رہے۔ ہندو مزارعوں کی اکثریت آپ کی شرافت اور محبت کی قائل تھی اور تا وفات جب بھی کوئی کوہلی یا بھیل (ہندوؤں کی ذات) ابوجان کی بیماری کا سنتا تو نہایت عقیدت سے کہتا کہ ایک دفعہ مجھے منشی صاحب سے مل لینے دو۔ زمینوں پر جاتے تو گندم ڈالنے والی بوری ہمیشہ ہمراہ رکھتے تھے میں چشم دید گواہ ہوں کہ جہاں نماز کا وقت ہوتا صاف جگہ پر بوری بچھا کر نماز پڑھ لیتے تھے اور اس بات کا ہمیشہ التزام کرتے۔

ایک لمبا عرصہ آپ جماعت احمدیہ محمود آباد سٹیٹ سندھ کے سیکرٹری مال، امام الصلوٰۃ اور ہر سال جماعت کی شوریٰ کے نمائندے منتخب ہوتے رہے۔ نہایت اخلاص اور خدمت دین کے جذبہ سے جماعتی اموال کی حفاظت کرتے اور ایک ایک پیسہ کا حساب رکھتے۔ آپ کی آواز سریلی اور خوبصورت تھی۔ نماز پڑھاتے تو بہت لطف آتا۔ ہر جلسہ سیرت النبیؐ پر آپ کی نظم لازمی ہوتی۔

علیک الصلوٰۃ علیک السلام

جبکہ اجلاسات میں تلاوت قرآن بھی آپ ہی کرتے تھے۔ آپ روزانہ باقاعدگی سے نماز فجر اور نماز عصر کے بعد اونچی آواز میں لمبی تلاوت کرتے تھے اور ترجمہ بھی ساتھ پڑھتے۔ مربی اطفال رہے اور وفات کے وقت انصاراللہ محمود آباد فارم کی عاملہ کے منتظم تعلیم و تربیت تھے۔ پیارے ابوجان نماز تہجد کے پابند اور دعا گو تھے ہمیشہ خدا سے مانگا کرتے تھے۔ شکر اور قناعت آپ کی زندگی کا خاصہ رہا۔ صد سالہ جشن تشکر کے موقع پر آپ نے سات سو روپے کی ادائیگی کا وعدہ کیا۔ اس کے علاوہ چندہ کی ادائیگی میں بفضل اللہ تعالیٰ باقاعدہ تھے۔ صدقہ و خیرات حسب استطاعت کرتے رہتے۔ آپ نے اپنے بیٹوں کو بھی ہمیشہ یہ بات سمجھائی کہ دیکھو بیٹا حرام کی کمائی کا سوچنا بھی نہ، اگر تمہیں زمین پر گرا ہوا ایک روپیہ بھی ملے تو کوشش کر کے اگر معلوم ہو جائے متعلقہ مالک تک پہنچانا نہیں تو خدا کی راہ میں دے دینا اور ہمیشہ چندوں اور نمازوں کی ادائیگی میں باقاعدہ بننا۔

پیارے ابوجان کو خلافت سے عشق تھا جب بھی مختلف اوقات میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی، حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے سٹیٹس کا دورہ کیا اور محمود آباد سٹیٹ بھی رونق افروز ہوئے۔ تو ابوجان پہرے دیتے رہے۔ حضرت صاحب کو خط لکھتے اور تفصیلی دعا کے لئے عرض کرتے، خطبہ جمعہ اور ایم ٹی اے پر مختلف پروگرامز کو نہایت دلچسپی اور باقاعدگی سے نہ صرف سنتے بلکہ اس کے بعد گھر میں باقی افراد اور اپنے ملنے والے دوست و غیر از جماعت احباب کے سامنے بیان کرتے۔

پیارے ابوجان بلا مبالغہ نہایت پُرجوش اور دعا گو داعی الی اللہ رہے اپنی دلیل کو مخالف کے سامنے قرآن مجید کی آیات، حوالوں اور احادیث نبویؐ اور بزرگان کے اقوال سے بیان کرتے۔ حکمت اور اقوال احسن ہمیشہ سامنے رکھتے۔ مخالف کے جذبات و احساسات کو بالکل ٹھیس نہ پہنچاتے۔ آپ بے حد مہمان نواز، ہنس مکھ اور بشاشت قلبی سے ملنے والے وجود تھے۔ کبھی اپنی ذات سے کسی کو دکھ پہنچانے کا سوچا بھی نہیں بلکہ ہم سب بہن بھائیوں کو بھی حضرت مسیح موعود کے اس قیمتی ارشاد پر عمل کرنے کی بھرپور نصیحت کرتے کہ ''سچے ہو کر جھوٹے کی طرح تذلل اختیار کرو''۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی سارے گاؤں کے احمدی و غیر احمدی و ہندو احباب سے کبھی ناراضگی یا لڑائی نہیں ہوئی بلکہ لوگ آپ کو اپنے جھگڑوں میں ثالث مقرر کرتے۔

ابوجان کو کتب حضرت مسیح موعود، الفضل و جماعتی رسائل اور دیگر ملکی اخبارات کے مطالعہ کا بے حد شوق تھا۔ روزانہ آنے والے الفضل کا مکمل مطالعہ کرتے اور حاصل مطالعہ دوسروں سے شیئر کرتے اور اگر کسی دن ڈاک کی بے قاعدگی کی وجہ سے الفضل بروقت نہ ملتا تو بار بار مجھ سے یا بھائیوں سے پوچھتے۔ دیگر ملکی اخبارات اور ٹی وی و ریڈیو سے خبریں باقاعدہ پڑھتے اور سنتے اور ان پڑھ و غیر احمدی احباب کو ملکی حالات سے آگاہ رکھتے۔

ابوجان بے لوث خادم دین، دعا گو، تہجد گزار، پُرجوش داعی الی اللہ اور فدائی احمدی تھے۔ آپ انتہائی خوش قسمت تھے کہ آپ کے والد حضرت میاں جان محمد صاحب، دادا حضرت میاں غلام محمد صاحب، نانا حضرت مولوی رحمت علی صاحب آف پھیرو چچی اور تایا حضرت میاں محمد ابراہیم صاحب رفقاء حضرت مسیح موعود میں شمار ہوتے ہیں۔ والد صاحب کی انتہائی دعاؤں اور شفقتوں کی تربیت نے بچپن سے ہی آپ کی شخصیت اور کردار میں پختگی اور وقار پیدا کیا۔ آپ کے والد محترم کی آپ سے محبت کا اندازہ اس بات بھی لگایا جاسکتا ہے کہ تا وفات (مورخہ 6 ستمبر 1996ء بعمر ایک صد سات سال) آپ کے ہمراہ رہے اور حضرت مسیح موعود کے ساتھ بیتے ہوئے خوبصورت لمحات اور ان سے حاصل کردہ برکات و فیوض اس گھر کو بخشتے رہے۔

ابوجان ایک لمبا عرصہ مقامی جماعت محمود آباد سٹیٹ میں مختلف عہدوں پر خدمت دین کی توفیق پاتے رہے۔ انتہائی محنت اور خلوص کے ساتھ شعبہ مال سنبھالا اور چندے کی وصولی اور بروقت مرکز کو ارسال کرنے میں بہتری پیدا کی۔ جماعتی اموال کی حفاظت اپنی جان سے بڑھ کر کرتے اور پیسے پیسے کا حساب روزنامچہ اور کھاتہ میں درج کرتے۔ امام الصلوٰۃ ہونے کی صورت میں قراءت بالجہر والی نمازوں میں ایسے سوز اور دلکش انداز میں تلاوت کرتے کہ نماز پڑھنے کا لطف دوبالا ہو جاتا۔ آپ تصنع سے پاک اور دل کی گہرائی سے سمجھ کر قرآن کریم پڑھتے تھے۔ مربی اطفال اور وفات تک انصاراللہ محمود آباد سٹیٹ کی عاملہ میں منتظم اصلاح و ارشاد کے علاوہ منتظم تعلیم و تربیت رہے۔ انصاراللہ کے پرچے مفوضہ کتب کے مکمل مطالعے اور قرآن کریم کے متعلقہ حصے کو پڑھ کر خود حل کرتے بلکہ دیگر انصار کی بھی عمومی رہنمائی کرتے۔ تربیتی مسائل کا گہرائی سے جائزہ لیتے اور مناسب انداز میں سمجھاتے۔ خصوصاً جھوٹ اور گالی گلوچ پر اپنے سے بڑی عمر کے انصار کو بھی حکمت سے منع کرتے۔ کچھ عرصہ کریانہ کی دکان چلائی۔ ناپ تول میں قرآنی ارشاد اور آنحضرت ﷺ کی نصیحت کو یاد رکھتے ہوئے سختی سے عمل کرتے کہ جب کسی کو دینے کے لئے سودا تولو تو جھکتا ہوا تولو اس بات کا اظہار احمدی تو ایک طرف غیر از جماعت اور ہندو گاہکوں نے آپ کی وفات پر کثرت سے کیا۔ خاکسار نے آپ کی زندگی کا مشاہدہ کیا تو سچ کو آپ کی شخصیت کا لازمی جزو پایا۔

محترم والد صاحب کی اپنے اہل و عیال اور خصوصاً اولاد کے لئے دعاؤں اور تربیت ہی کا ثمرہ ہے کہ آپ کی ساری اولاد اللہ تعالیٰ کے فضل سے خادم دین ہے۔

آپ کے چھ بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں جن میں سے ایک بیٹا مکرم مسعود احمد عامر نوجوانی کی عمر میں بعمر پندرہ سال وفات پا گیا۔ ابوجان نے یہ صدمہ بڑے حوصلہ، صبر اور رب کی رضا کے تحت بشاشت سے برداشت کیا۔ اس وقت آپ کے چھ پوتے اور چار پوتیاں ہیں۔ آپ کی شادی آپ کے چچا مکرم چوہدری نور احمد صاحب سابق مینیجر ناصر آباد سٹیٹ کی بیٹی مکرمہ محمودہ بیگم صاحبہ سے ہوئی جو الحمدللہ اس وقت بقید حیات ہیں۔

وفات سے قبل بیماری کا عرصہ آپ نے انتہائی صبر، دعاؤں اور رب کی رضا پر رہتے ہوئے گزارا۔ چھ مہینے سے زائد عرصہ کمزوری اور بیماری کی وجہ سے چار پائی پر ہی گزارا۔ انتہائی تکلیف اور دکھ کے باوجود خلافت جوبلی کی دعاؤں سمیت کثرت سے ذکر الٰہی اور درود شریف پڑھتے رہتے۔ محمود آباد فارم کی بیت الحمد میں آپ کا جنازہ خاکسار نے پڑھایا۔ جس میں دور و نزدیک سے آئے ہوئے سینکڑوں احمدی احباب نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ موصی تھے اور آپ کا چندہ وصیت و جائیداد کا حساب بالکل صاف تھا۔ بذریعہ ٹرین آپ کی میت ربوہ لائی گئی جہاں بیت المبارک میں بعد نماز عصر مورخہ 30/اگست 2007ء کو مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کے بعد آنمکرم نے ہی دعا کروائی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت آپ کی نماز جنازہ غائب مورخہ 11/اکتوبر 2007ء کو قبل نماز ظہر بمقام بیت فضل لندن پڑھائی۔

پسماندگان میں آپ نے اہلیہ کے علاوہ پانچ بیٹے مکرم ماسٹر منصور احمد صاحب پرویز، مکرم خالد احمد صاحب شاکر، مکرم طارق احمد صاحب زاہد، مکرم راشد احمد صاحب نسیم، خاکسار مظفر احمد شہزاد اور دو بیٹیاں سوگوار چھوڑیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کی مغفرت فرماتے ہوئے جنت النعیم میں جگہ عطا فرمائے اور آپ کی اولاد کو بھی خدمت دین کی احسن رنگ میں توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ماخوذ

خطرناک اور جان لیوا کھیل یا خودکشی

موٹر سائیکل جمپنگ اور ون ویلنگ

کرکٹ، پولو، ہاکی، باکسنگ، کشتی رانی، ریسلنگ ایسے کھیل ہیں جن میں اجتماعی اور انفرادی سطح پر سخت محنت کرنے کی ضرورت پڑتی ہے جبکہ کئی کھیلوں میں مکمل فٹنس بھی ضروری ہوتی ہے اس طرح کئی کھیل ایسے خطرناک ہیں ذرا سی غلطی اور کوتاہی جان لے سکتی ہے۔ انہی خطرناک جان لیوا کھیلوں میں ایک کھیل موٹر سائیکل اور کار جمپنگ کا بھی ہے۔ دنیا بھر میں اس کے مقابلے ہوتے رہتے ہیں اور ہر کوئی اس میں ورلڈ ریکارڈ بنانے کے لئے محنت اور کوشش کرتا ہے لیکن شہرت کسی کسی کو ملتی ہے۔ موٹر سائیکل اور کار جمپنگ میں ہر سال نئے نئے ریکارڈ قائم ہوتے ہیں اور ریکارڈ بنانے والے کا نام گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں بھی درج ہوتا ہے۔ پاکستان میں یہ اعزاز 1987ء میں سلطان گولڈن کو بھی ملا اور آج پاکستان میں موٹر سائیکل اور کار جمپنگ کے مقابلے بھی ہوتے رہتے ہیں بلکہ اسی کی دہائی میں موٹر سائیکل ریس بھی پہلی بار لاہور میں منعقد ہوئی تھی جبکہ موٹر سائیکل جمپنگ میں سلطان گولڈن کے ریکارڈ کو توڑنے کے لئے کامران دریالیا نوجوان نے بھی کوشش کی تھی اور اس کی موٹر سائیکل دوسرے اتیج سے ٹکرا گئی اور وہ موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا، جس پر اس خطرناک کھیل کے لئے حفاظتی اقدامات اٹھانے کے لئے آواز بھی بلند کی گئی تا کہ اس کھیل کو کچھ اصولوں اور قواعد وضوابط کے مطابق کھیلا جائے تو بہتر ہے۔

اس کے علاوہ آج کے نوجوانوں میں جو خطرناک چیز اس کھیل کے حوالے سے دیکھنے میں آئی وہ ہے ''ون ویلنگ'' اس میں آج کے منچلے نوجوان رات گئے سڑکوں پر موٹر سائیکل کے سائلنسر نکال کر ون ویلنگ کرتے دکھائی دیتے ہیں اور اس سلسلہ میں اب تک کئی نوجوان موقع پر ہی ہلاک ہو چکے ہیں۔ اس حوالے سے کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ کھیل نوجوانوں کے لئے بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ چند مخصوص کھیلوں کو وطن عزیز میں سرکاری سرپرستی حاصل ہے مگر بعض ایسے کھیل بھی ہیں جنہیں کھلاڑیوں نے ذاتی حیثیت سے زندہ رکھا ہوا ہے یا پھر کبھی کبھار انہیں حکومتی امداد بھی مل جاتی ہے لیکن وہ اتنی زیادہ نہیں ہوتی کہ جس سے اس کھیل کا پہیہ رواں دواں رکھا جاسکے۔ ان کھیلوں میں سے ایک کھیل موٹر سائیکل اور کار جمپ کا بھی ہے۔ اس کھیل نے ترقی یافتہ ممالک میں تو اس لئے تہلکہ مچا رکھا ہے کہ وہاں ہر کھیل کے لئے اس کا میدان مہیا کیا جاتا ہے مگر ہمارے ہاں ضلع لیول پر سپورٹس بجٹ تو مختص ہوتا ہے لیکن وہ صحیح استعمال نہیں ہوتا، کیوں نہیں ہوتا یہ الگ بحث ہے۔ زیر نظر فیچر میں ہمارا موضوع موٹر سائیکل اور کار جمپ ہے جس نے ماضی میں عالمی ریکارڈ قائم کئے آج وہ قصہ پارینہ بنتا جا رہا ہے۔ ماضی میں جب یہ کھیل گراؤنڈ تک محدود تھا تو اس کھیل کے شوقین نوجوانوں سے سڑکیں محفوظ تھیں، آج جب اس کھیل کے لئے مناسب جگہ اور اس کے انتظامات کا فقدان ہے، یہی وجہ ہے کہ نوجوان اپنے شوق کو جلا بخشنے کے لئے سڑکوں پر ون ویلنگ کرتے نظر آتے ہیں۔

